© rasailojaraid.com

اور قرب و محبت کے سلسلہ میں صوفیاء کے اقوال مناسب تشریح کے ساتھ درج ہیں۔ آخر میں متصوفین کے مخصوص کلمات و اشارات کی وضاحت اور ان کے عجیب و غریب احوال کا ذکر ملتا ہے جو بظاہر ناممکن اور محال نظر آتے ہیں۔

کتب تصوف، کی اشاعت اس لحاظ سے ایک مستحسن کام ہے کہ ان کا مطالعہ انسان کو صفاتِ حسنہ سے متصف ہونے میں مدد دیتا ہے۔ . . . اڑھائی سو صفحات پر مشتمل اس کتاب کی قیمت ۵ روپے زیادہ معلوم ہوتی ہے۔

---

مسلمان قومیں | تالیف: جناب آباد شاہ پوری صاحب۔ ناشر: ایوانِ ادب، چوک اردو بازار لاہور قیمت اعلیٰ ایڈیشن ۲ روپے۔ سستا ایڈیشن ایک روپیہ ۲۵ پیسے۔

اس معلومات افزا اور فکر انگیز کتاب کے مصنف جناب آباد شاہ پوری صاحب علمی دنیا میں کسی تعارف کے محتاج نہیں۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں علم نافع کے ساتھ سلامتیٔ فکر اور دل بیدار بھی عطا کیا ہے، اس لیے ان کی تحریریں اپنے دامن میں نہ صرف بیش قیمت معلومات کا ذخیرہ سمیٹے ہوئے ہوتی ہیں بلکہ خلوص اور دلسوزی کے ساتھ حالات کا نہایت اچھا تجزیہ بھی پیش کرتی ہیں۔ کتاب تین حصوں پر مشتمل ہے۔ پہلے حصے میں فاضل مصنف نے روسی سامراج کے ظلم و استبداد کی شکار مسلم ریاستوں کی المناک داستان بیان کی ہے۔ دوسرے حصے میں چینی مسلمانوں پر چینی سامراج کی "کرم فرمائیوں" کا تذکرہ درج ہے۔ تیسرے حصے میں فاضل مصنف نے "پس چہ باید کرد" کے عنوان کے تحت مسلمانوں کو "سرخ سویرے" کے خطرات سے آگاہ کیا ہے۔ ہم اس کتاب کے مطالعہ کی پُرزور سفارش کرتے ہیں۔

کتاب کا معیارِ طباعت و کتابت عمدہ ہے۔

---

مسلمانوں کے تہذیبی کارنامے | تالیف: مولوی نور احمد صاحب۔ ترجمہ و تحشیہ: جناب رحمٰن مذنب، شائع کردہ: فیروز سنز لمیٹڈ، لاہور۔ قیمت ۹٫۵۰ روپے۔ صفحات: ۲۹۶۔

"مسلمانوں کے تہذیبی کارنامے" بنگال کے نامور مسلمان عالم اور محقق جناب مولوی نور احمد صاحب کی مشہور تصنیف GLORIES OF ISLAM کا اردو ترجمہ ہے۔ اس کتاب میں فاضل

© rasailojaraid.com